Maulana Azad National Urdu University

M.A. History, I Semester Examination - December - 2018

Paper : MAHS103CCT : Histography : Ancient and Medieval World

Time : 3 hrs | Marks : 70

641

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) قدیم چینی تاریخ نویسی میں مؤرخ کے لیے کیا اصطلاح استعمال ہوتی تھی۔

(ii) تھیوسی ڈیڈیس (Thucydides) کی تاریخ کا اصل موضوع کیا ہے۔

(iii) عربی تاریخ نویسی میں اسناد سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

(iv) ابن جریر طبری کی کتاب تاریخ طبری کا فارسی زبان میں کس نے ترجمہ کیا۔

(v) طبقات ناصری کس دہلی سلطان کے دربار میں مکمل ہوئی۔

(vi) ضیاء الدین برنی کی اس کتاب کا نام بتائیں جو سیاست کے اصول اور ریاست کے قوانین سے متعلق ہے۔

(vii) ابوالفضل کی تاریخ کا وہ کون سا حصہ ہے جس میں لگان اور انتظامی وصوبائی مسائل سے متعلق تمام معلومات درج ہیں۔

(viii) فردوسی کی شاہکار تصنیف کے نام بتائیں۔

(ix) امیر خسرو کی کتاب قرآن السعدین کا بنیادی موضوع کیا ہے۔

(x) عبدالقادر بدایونی کی کتاب کا نام بتائیں۔

حصہ دوم

(2) ہیروڈوٹس کے فن تاریخ نویسی پر ایک نوٹ لکھیں۔

(3) چینی تاریخ نویسی کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیں۔

(4) عربی تاریخ نویسی کے آغاز وارتقاء کا مختصراً جائزہ لیں۔

(5) منہاج سراج جزجانی پر ایک مضمون لکھیں۔

(6) امیر خسرو کا بحیثیت مؤرخ جائزہ لیں۔

(7) ابن جریر طبری پر ایک نوٹ لکھیں۔

(8) علاقائی زبانوں میں لکھے گئے ماخذ کا مطالعہ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی تاریخ کے لیے اہم ہے۔تشریح کریں۔

(9) فارسی زبان میں تاریخ نویسی کی ابتدا پر روشنی ڈالیں اور فارسی تاریخ نویسی اور عربی تاریخ نویسی کے درمیان نمایاں فرق کو بھی واضح کریں۔

حصہ سوم

(10) کلہن کی تاریخ نویسی پر تفصیلی بحث کریں۔

(11) ہند فارسی تاریخ نویسی کی نمایاں خصوصیات کا تفصیلی تجزیہ کریں۔

(12) ضیاءالدین برنی کا بحیثیت مؤرخ تنقیدی جائزہ لیں۔

(13) ابوالفضل مغلیہ سلطنت کے سب سے ممتاز مؤرخ تھے۔تشریح کریں۔

(14) عبدالقادر بدایونی کی تاریخ منتخب التواریخ پر بحث کریں۔

☆☆☆